© rasailojaraid.com



# رسیدِ تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

ماہِ اپریل میں ہمیں ضلع میانوالی کی بعض معروف خانقاہوں کی حاضری کا موقع ملا، اس موقع پر علماء کرام ومشائخ عظام سے ملاقاتوں کا شرف حاصل ہوا، اورانہوں نے ازراہِ لطف وکرم بعض علمی تحائف عنایت فرمائے، ان میں سے ایک، ......جمالِ فقر...... حضرت علامہ صاحبزادہ عبدالمالک صاحب کی مرتب کردہ کتاب ہے جس میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کے صوفیاء کرام کے احوال وآثار کا بیان ہے اورتصوف کی بعض اصطلاحات کی وضاحت، ،تصوف کے بعض معمولات ومسائل، بزرگوں کے مشاہدات، نصائح اور وظائف اس میں شامل ہیں۔۲۳۲ صفحات پر مشتمل اس خوبصورت کتاب کو حاصل کرنے کے لئے رابطہ نمبر 0300-6081600 اور 0335-6081600 ہے۔جامعہ اکبریہ بلوخیل روڈ میانوالی سے خط لکھ کر بھی طلب کی جاسکتی ہے۔صاحبزادہ عبدالمالک صاحب سخی بزرگ ہیں اوراہلِ محبت وذوق کو کتابیں مفت بھی عطا فرماتے رہتے ہیں۔(فافہم)

بھور شریف کے سجادہ نشین صاحب نے ہمیں جو علمی تحائف عطا فرمائے ان میں ایک ......خطبات فتحیہ......(جلد دوم) ہے اس میں حضرت شیخ المشائخ مولانا پیر فتح محمد بھوروی رحمۃ اللہ علیہ کے خطبات ہیں۔پندرہ خطبات پر مشتمل یہ کتاب، طلبہ علوم اسلامیہ کے لئے اور ائمہ وخطباء کے لئے بے حد مفید ہے کہ علمی استفادہ کے علاوہ اس سے تصوف کے موضوع پر تقاریر کی جاسکتی ہیں ......زیرنظر کتاب فارسی میں لکھی گئی تھی پھر صاحبزادہ محمد ضیاء اللہ بھوروی صاحب کی کوششوں سے اسے اردو کے قالب میں ڈھالا گیا اور جلد اول ودوم شائع کی گئیں۔نقشبندی سلسلہ کی اس خانقاہ سے درس وتدریس، وعظ وتذکیر، اورتصنیف وتالیف کا جوسلسلہ بزرگوں نے شروع کیا تھا حضرت صاحبزادہ محمد ضیاء اللہ بھوروی

☆الا بذکر اللہ تطمئن القلوب وتحط الذنوب وبہ یرضی علام الغیوب وبہ تفرج الکروب.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب اسے زندہ رکھے ہوئے ہیں ۔اللہ رب العزت انہیں مزید کامیابیوں سے سرفراز فرمائے (آمین)

ایک اور کتاب ہمیں ٹبہ شریف ترگ شریف سے صاجبزادہ بشیر احمد صاحب کی مرتبکردہ ملی ہے اور یہ ہے ......وظائف چشت اہل بہشت......۷۸ صفحات کی یہ کتاب صرف ۳۹ روپے میں ناظم مدرسہ زینت الاسلام ٹبہ شریف ترگ ضلع میانوالی سے مل سکتی ہے ۔اسی خانقاہ سے ایک اور کتاب شائع ہوئی ہے اور وہ ہے ......نجم الہدی فی مسئلہ حیاۃ المصطفی......جو حضرت پیر خواجہ محمد زین الدین چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف لطیف ہے ۔۱۴۰ سے زاید صفحات پر مشتمل یہ کتاب بھی ناظم مدرسہ زینت الاسلام ٹبہ شریف ترگ ضلع میانوالی سے طلب کی جاسکتی ہے۔

احکام الموتی (قبل الدفن وبعد الدفن مع حیلہ اسقاط) کے نام سے ایک کتاب جناب علامہ قاری محمد سعید صاحب نے مرتب کی ہے، جس میں موت کے بعد کے احکام پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے ۔مرگ کے موقع پر دیکھنے میں آنے والے بعض رسوم ورواجات پر بھی کتاب میں کلام کی گئی ہے......اور اصلاح کی کوشش پیش نظر رہی ہے۔

قاری محمد سعید صاحب ٹبہ شریف ترگ شریف کے مدرسہ میں استاذ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں، آپ نے یہ کتاب امہات الکتب کے حوالہ جات کے ساتھ لکھی ہے ۔اور اسے دارالعلوم چشتیہ نظامیہ ٹبہ شریف ترگ شریف نے شائع کیا ہے ۔۹۰ صفحات کی اس کتاب کا ہدیہ ۵۰ روپے درج ہے۔

صاجبزادہ بشیر احمد صاحب خانقاہی نظام میں رہتے ہوئے تصنیف وتالیف سے خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں آپ نے ماہ صیام کے مسائل پر مشتمل ایک کتاب ......شھر المواساۃ...... کے نام سے مرتب فرمائی ہے جو ۶۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ اور گنبدِ خضرا کی شبیہ مبارک سے مزین سرورق کے ساتھ شائع ہوئی ہے ۔سرورق صاجبزادہ حافظ ڈاکٹر امین الدین صاحب کا تیار کردہ ہے ۔کتاب کا ہدیہ صرف ۲۴ روپے درج ہے، اور یہ بھی ناظم مدرسہ زینت الاسلام ٹبہ شریف ترگ تحصیل عیسی خیل ضلع میانوالی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

ایک اور تحفہ جناب مولانا ڈاکٹر عطاء المصطفی مظہری صاحب کی طرف سے ہمیں میانوالی کے دورہ کے موقع پر عنایت ہوا، اور یہ ہے ......افکار الصدرین......(یعنی حضرت امام قشیری رحمۃ اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علیہ اور امام شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کے صوفیانہ نظریات کا تقابلی جائزہ) ۲۳۲ صفحات کی یہ کتاب اپنے نام ہی سے ظاہر ہے کہ اس میں کس قسم کے مباحث ہیں، فاضل نوجوان مولانا عطاء المصطفی صاحب نے بڑی عرق ریزی سے تحقیق کے بعد یہ کتاب مرتب کی ہے۔اور اسے کتاب محل (دربار مارکیٹ لاہور) نے شائع کیا ہے اور وہیں سے یہ دستیاب بھی ہے۔

ایک اور کتاب ......التحفہ الروحانیۃ فی الشجر ۃ المظہر یۃ......بھی مولانا عطاء المصطفی صاحب نے مرتب کی ہے اور اسے چار ابواب پر تقسیم کیا ہے (۱) زہد وتصوف کے بنیادی نکات (۲) شجرہ قادریہ، نقشبندیہ، چشتیہ، (۳) باب سوم اسباق سلسلہ قادریہ وختم خواجگان۔ (۴) مشائخ قادریہ نقشبندیہ اور چشتیہ کے احوال۔۱۲۰ صفحات کی یہ کتاب درگاہ مظہریہ پپلاں ضلع میانوالی سے شائع ہوئی ہے اور وہیں سے طلب کی جاسکتی ہے۔

گزشتہ ماہ وادی نیلم آزاد کشمیر کی سیر کے دوران علامہ محمد تبسم بشیر اویسی صاحب سے سرِ راہے ملاقات ہوگئی، آپ نے اس موقع پر ایک کتاب تحفتاً عنایت کی جو مقالاتِ اویسیہ کے نام سے موسوم ہے۔کتاب آپ کے علمی، ادبی، تحقیقی اور روحانی مضامین کا مجموعہ ہے۔اس کے بعض عنوانات حسب ذیل ہیں:

کلمہ طیبہ کی عظمتیں، ذکر اللہ، سکون قلب کا ذریعہ، فرائض نماز اور روحانی فوائد، سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے، نماز میں صف بندی کی فضیلت، روزہ تزکیہ نفس کا ذریعہ، نظام زکوۃ وعشر کی افادیت واہمیت، حج کے احکام ومسائل، درود شریف ذریعہ سعادتِ دارین، وغیرہ۔

کتاب ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اور خوبصورت برنگہائے تمام شائع ہوئی ہے۔قیمت درج نہیں ملنے کا پتہ مرکز اویسیاں جامعہ اویسیہ کنزالایمان، محلّہ رسول نگر نارووال۔

ایک اور تحفہ ہمیں عربی کی ایک کتاب......مختصر القواعد العربیۃ...... (مختصر عربی گرامر) کا موصول ہوا ہے جو پروفیسر ڈاکٹر مظہر معین صاحب کی مرتب کردہ ہے۔اس میں ڈاکٹر صاحب نے آسان زبان میں عربی کے قواعد کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔۱۲۰ صفحات کی یہ کتاب صرف سو روپے میں آزاد بک ڈپو اردو بازار لاہور سے دستیاب ہے۔

ملی مجلس شرعی کی جانب سے دو کتابوں کا تحفہ آیا ہے، ایک تو......انسدادِ سود......(کے حوالہ سے وفاقی شرعی عدالت کی طرف سے اٹھائے گئے چودہ سوالات کے مفصل جوابات)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے یہ ایک ایسی کاوش ہے جو عصری تقاضہ پورا کرنے اور شریعت اسلامیہ کے موقف کو عدالتی نظام کے روبرو پیش کرنے اور سود کے حوالہ سے عدالت کو گمراہ ہونے سے بچانے کے مقصد کے پیش نظر کی گئی ہے۔اس کے روح رواں حضرت علامہ محمد خلیل الرحمٰن قادری صاحب (لاہور) ہیں۔ملی مجلس شرعی کے یہ جوابات وفاقی شرعی عدالت کو بھجوائے جاچکے ہیں۔اور انہیں افادہ عامہ کی خاطر کتابی صورت میں شائع کردیا گیا ہے۔ائمہ وخطباء، دینی مدارس کے طلبہ اور علماء کرام کے لئے ان جوابات کا مطالعہ عدالت کے زیر سماعت سود کے کیس کو سمجھنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔سو سے زاید صفحات پر مشتمل یہ کتاب ملی مجلسِ شرعی کے کیمپ آفس ۱۸۰ پاک بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور سے طلب کی جاسکتی ہے۔

دوسری کتاب......نفاذِ شریعت......(کے حوالہ سے تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام کے متفقہ پندرہ نکات) ہے۔اس رسالہ میں اسلامی ریاست اور آئین کے بارے میں اکتیس ممتاز علماء کرام کے بائیس متفقہ نکات کے علاوہ......اتحاد بین المسلمین کے حوالہ سے تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام کے متفقہ اٹھارہ نکات بھی شامل ہیں۔

یہ رسالہ ایک دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے اور کبھی بھی مذکورہ بالا عنوانات پر رہنما وحوالہ کا کام دے سکتا ہے۔رسالہ حاصل کرنے کے لئے ملی مجلسِ شرعی کے کیمپ آفس ۱۸۰ پاک بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور سے رابطہ کیا جاسکتا ہے ان کا فون نمبر ہے 0300-4354673

ایک اور تحفہ علامہ محمد نعیم جاوید نوری صاحب کا ایک رسالہ ہے، جس میں بارگاہ نبوی میں حاضری کے آداب درج ہیں۔اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ایک حکایت کے بارے میں ایک اہم تحقیق مفتی محمد خان قادری صاحب کی شامل ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے مشہور عباسی خلیفہ ابوجعفر منصور کو تلقین کی تھی کہ وہ بارگاہ نبوی میں حاضری کے وقت مواجہہ شریف کی طرف منہ کرکے دعا مانگے کہ ادب کا تقاضا یہی ہے۔

یہ رسالہ ہمارے استاذ گرام حضرت علامہ سید محمد علوی مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے عربی زبان میں مرتب فرمایا تھا جس کا خوبصورت اردو ترجمہ مفتی محمد خان قادری صاحب نے فرمایا ہے۔اور اسے علامہ محمد نعیم جاوید نوری صاحب نے شائع کیا ہے، رسالہ پندرہ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر جامع مسجد حنفیہ فیضان رسول شام نگر چوبرجی لاہور کے پتہ سے طلب کیا جاسکتا ہے۔

☆الابذکر اللہ تطمئن القلوب وتحط الذنوب وبہ یرضی علام الغیوب وبہ تفرج الکروب.☆

© rasailojaraid.com